NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ہمارے کھلاڑی طلبا کا جشن منانا

عزیزی نیویارک کے مکین،

میں حال ہی میں اپنے الما میٹر، Hillcrest ہائی اسکول میں واپس گیا تھا، ایک رسم میں شرکت کرنے کے لیے جو ہِل کریسٹ کے طویل عرصے کے باسکٹ بال کوچ، Ken Gershon کے اعزاز میں اسکول کے جِم کو دوبارہ نام دینے کے لیے منعقد کی گئی تھی۔ ہِل کریسٹ میں بطور ہیڈ کوچ کے اپنے 30 سالوں میں، انہوں نے کبھی کوئی گیم نہیں چھوڑا۔

اور جبکہ ذاتی طور پر میں کبھی کوچ Gershon کی ٹیم کا حصہ نہیں بن سکا (آج تک ناامیدی ہے!) انکی عہدبستگی نے ایک دیرپا اثر چھوڑا ہے۔ میرے لیے، کوچ Gershon کھیلوں کی طاقت کی نمائندگی کرتے ہیں – متحد کرنے، تحریک دینے، اور ہمیں فروغ پانے اور کامیاب ہونے کی ترغیب دیتے ہیں۔

اسی لیے میں ہماری پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ (PSAL) ، طلبا-کھلاڑیوں اور کوچز پر بہت فخرمند ہوں۔ عالمی وبا نے ہمارے متعدد کھیلوں کے پروگراموں میں خلل ڈالا تھا، لیکن ہمارے طلبا اور عملہ مستحکم رہے۔ اب، 3,400 سے زائد ٹیموں میں PSAL 46,000 اتھلیٹس کے ساتھ ہم عالمی وبا سے پہلے کی شمولیت کی تکمیل - اور امید ہے کہ اس سے تجاوز کرنے کی راہ پر ہیں۔

نہ صرف یہ کہ ہماری کھیلوں کی ٹیمیں واپس آگئی ہیں اور پہلے سے زیادہ مضبوط ہیں، بلکہ ہم توسیع کرنا، بہتر بنانا اور اختراع کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ طلبا کو جتنا ممکن ہو کھیلوں کی ایک وسیع ترتیب تک رسائی حاصل ہو، اس لیے ساکر، ٹریک، اور والی بال جیسے معمول کے انتخابات کے ساتھ ہم کرکٹ، باؤلنگ، ٹیبل ٹینس، رگبی، اور ڈبل ڈچ پیش کرتے ہیں۔
ہم نے اپنی کھیلوں کی متعدد جگہوں کی مرمت اور تجدید بھی شروع کی ہے، کینیڈی اور جیفرسن ہائی اسکول کیمپسس کے کھیلوں کے میدانوں سے لے کر DeWitt Clinton ہائی اسکول کیمپس کے پُول تک۔ میں نے پچھلے ہفتے ڈی وٹ کلنٹن کے پُول کی ربن کاٹنے کی تقریب میں برونکس برو صدر Vanessa Gibson، سٹی کونسل ممبر Eric Dinowitz، اور این وائی سی پارکس کمشنر Sue Donoghue کے ساتھ شرکت کی تھی—اور توانائی محسوس کی جاسکتی تھی۔ ہمارے طلبا کھلاڑی پُول کا صحیح استعمال کرنے کے لیے تیار ہیں۔

ہم اپنے طلبا کو کھیلوں کے ذریعے نئے امکانات کا تصور کرنے اور تابناک مستقبل تعمیر کرنے کے لیے بااختیار بنا رہے ہیں۔ ہم نے حال ہی میں PSAL کھلاڑیوں کے لیے سالانہ سوفٹ بال اور بیس بال کی نمائش کا اہتمام کیا تھا تاکہ وہ کالج کوچز اور اسکاؤٹس کے سامنے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرسکیں۔ اور پچھلے ماہ، Erasmus ہال کیمپس فٹ بال ٹیم نے NFL اکیڈمی آف دی UK کے خلاف ایک مقابلے کے لیے لندن کا سفر کیا تھا۔ ہم نے اپنے مرکزی دفتر میں ٹیم کو زبردست طریقے سے رخصت کرنے کی میزبانی کی تھی، جہاں میں نے انہیں یاد دلایا تھا: یہ جیتنے یا ہارنے کے بارے میں نہیں ہے۔ یہ شرکت کرنے، اپنی بہترین کوشش کرنے، اور اس یکتا بین الاقوامی تجربے سے سیکھنے کے بارے میں ہے۔ میرا خیال ہے کوچ Gershon اس سے متفق ہونگے۔

اب جب ہم اپنے خزاں کے کھیلوں کے پوسٹ سیزن کے نزدیک ہیں، میں آپ کی ایک آنے والے پلے آف یا چیمپئن شپ گیم میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔ اپنی پسندیدہ ٹیم کا شیڈول تلاش کرنے کے لیے ہماری PSAL ویب سائٹ کو دیکھیں یا PSAL کو X، انسٹا گرام، یا Threads پر فالو کریں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو :



اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS Families: اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔